QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678

Volume No: 02 Issue No: 04 (2025)

تفسیر ضیاء القرآن اور ضیاء النبی ﷺ: صوفیانہ جہات، تحقیقی منہج اور فکری اثرات کا تجزیاتی مطالعہ

Tafsir Diya' al-Qur'an and Diya' al-Nabi: An Analytical Study of Sufi Dimensions, Research Methodology and Intellectual Impacts

Khuram Shahzad
Ph.D. Research Scholar, Department of Islamic Studies, University of Gujrat, Pakistan
Email: mahi8378692@gmail.com
Dr. Syed Hamid Farooq Bukhari
Head, Department of Islamic Studies, University of Gujrat, Pakistan
Email: hamid.farooq@uog.edu.pk

Abstract

This research paper presents a comprehensive analytical study of two magnum opuses by Justice Pir Muhammad Karam Shah al-Azhari: Tafsir Diya' al-Qur'an and Diya' al-Nabi. The study critically examines the Sufi dimensions, research methodology, and intellectual impacts of these seminal works in contemporary Islamic scholarship. Tafsir Diya' al-Qur'an, a five-volume Urdu exegesis completed in 1979, uniquely blends classical exegetical principles with Sufi spirituality, emphasizing tazkiyah (self-purification), dhikr (remembrance of Allah), and profound reflection on Qur'anic verses. The research highlights how the author integrated the intellectual depth of classical commentators like Tabari, Razi, and Ibn Kathir with the spiritual wisdom of Sufi masters, creating a distinctive synthesis of reason and love. The study also analyzes Diya' al-Nabi, a seven-volume biographical work on the life of Prophet Muhammad (PBUH), which combines rigorous historical research with an ardent, devotional style rooted in the author's deep spiritual connection to the Prophet. The research identifies several key Sufi dimensions in both works: the concept of Prophet Muhammad (PBUH) as the perfect manifestation of divine attributes, the spiritual interpretation of miracles particularly the Mi'raj as an allegory of the soul's journey toward Allah, the esoteric wisdom behind battles, and practical guidance for spiritual purification. The study concludes that both works represent a significant revival of Sufi thought in the 20th century, presenting Sufism not as an isolated ascetic practice but as a comprehensive spiritual and ethical system rooted firmly in Qur'an and Sunnah, with profound impacts on both academic circles and popular spirituality in South Asia.

Keywords: *Tafsir Diya' al-Qur'an, Diya' al-Nabi, Sufi dimensions, research methodology, spiritual purification, prophetic love, analytical study*

تمہید:

تفسیرِ قرآن کا فن اسلامی علوم میں ایک مرکزی اور بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ وہ علم ہے جو براہِ راست کلامِ الٰہی کی تفہیم اور اس کے اسرار و معانی کے انکشاف سے متعلق ہے۔ تاریخِ اسلام میں مفسرین نے قرآن فہمی کے لیے مختلف اسالیب اور مناہج اختیار کیے، جن میں ایک نمایاں اسلوب وہ ہے جو عقل و نقل کے ساتھ ساتھ روحانیت اور سلوک و معرفت کو بھی شامل کرتا ہے۔ برصغیر کی علمی روایت میں یہ رجحان خاص طور پر نمایاں رہا ہے، جہاں علما اور صوفیا نے مل جل کر قرآنی تعلیمات کو عوام کے قلوب تک پہنچایا۔

اسی روایت کا ایک درخشاں نمونہ تفسیر ضیاء القرآن ہے، جو پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ کی علمی وروحانی کاوش کا نتیجہ ہے۔ پیر صاحب کا شمار ان بزرگ ہستیوں میں ہوتا ہے جنہوں نے عصری تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے قرآن مجید کی ایسی تفسیر پیش کی جو نہ صرف علمی و تحقیقی معیار پر پوری اترتی ہے بلکہ قلوب واذہان کو روحانی فیضان بھی عطا کرتی ہے۔ضیاء القرآن کی سب سے نمایاں خصوصیت اس کا صوفیانہ مزاج ہے۔ پیر کرم شاہ الازہریؒ نے اپنی روحانی نسبت اور صوفیانہ پس منظر کو قرآنی آیات کی تشریح میں اس خوبصورتی سے سمویا ہے کہ ہر مقام پر ایمان ویقین کی حرارت محسوس ہوتی ہے۔ انہوں نے آیات کے معانی کو بیان کرتے وقت محض لغوی ونحوی پہلو یا فقہی استدلال پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ قاری کو تزکیۂ نفس، محبتِ الٰہی، اتباعِ سنت اور تصوف کے عملی پہلوؤں کی طرف بھی رہنمائی دی۔ ان کی تفسیر میں روحانی کشش اور دلوں کو بیدار کرنے والا انداز صوفیاء کی اس سنت کا تسلسل ہے، جس میں قرآن کی تلاوت و تفسیر محض معلومات کا تبادلہ نہیں بلکہ ایک روحانی تربیت کا عمل ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ضیاء القرآن میں تفسیر کے ساتھ ساتھ ایک داعیانہ اور مصلحانہ جذبہ بھی موجود ہے، جو قاری کو عمل کی طرف مائل کرتا ہے۔

پیر کرم شاہ الازہریؒ نے اس تفسیر میں نہ صرف کلاسیکی مفسرین جیسے امام طبری، امام رازی، ابن کثیر، قرطبی اور بیضاوی وغیرہ کی آراء سے استفادہ کیا بلکہ برصغیر کے مفسرین مثلاً شاہ ولی اللہ دہلویؒ، مولانا شبیر احمد عثمانیؒ اور مولانا اشرف علی تھانویؒ کے اسلوب سے بھی فیض حاصل کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے صوفیاء کرام کے اقوال اور مشاہدات کو بھی شامل کیا، جو اس تفسیر کو ایک منفرد مقام عطا کرتے ہیں۔ ضیاء القرآن کی صوفیانہ جہات کا مطالعہ ہمیں یہ احساس دلاتا ہے کہ قرآن فہمی کا اصل مقصد صرف معانی ومفاہیم کی تشریح نہیں بلکہ ایمان کو تازہ کرنا، دلوں کو پاک کرنا اور انسان کو اپنے رب سے جوڑ دینا ہے۔ یہی وہ پہلو ہے جو پیر کرم شاہ الازہریؒ کی اس تفسیر کو محض ایک علمی ذخیرہ نہیں بلکہ ایک زندہ روحانی تجربہ بنا دیتا ہے۔ اس فصل میں ہم تفسیر ضیاء القرآن کے انہی صوفیانہ پہلوؤں کا جائزہ لیں گے، یہ دیکھیں گے کہ مصنف نے کس طرح تصوف کی تعلیمات کو قرآنی آیات کی روشنی میں بیان کیا، اور یہ پہلو برصغیر کی تفسیر نویسی کی تاریخ میں کس حد تک نیا یا منفرد ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم یہ بھی جانچیں گے کہ ان صوفیانہ جہات نے قاری کے دینی، فکری اور روحانی شعور کو کس حد تک متاثر کیا۔

تفسیر ضیاء القرآن: تعارف اور صوفیانہ پس منظر

ضیاء القرآن معاصر اردو تفاسیر میں ایک نہایت اہم اور وقیع مقام رکھتی ہے۔ اس کے مصنف حضرت پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ بیک وقت مفسرِ قرآن، محدث، فقیہ، ادیب اور عظیم صوفی تھے۔ یہ آپ کی دوسری معروف تصنیف ہے جو پانچ تفخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ بقول پروفیسر حافظ احمد بخش: "تفسیر ضیاء القرآن کا کام جو 29 فروری 1960ء کو شروع ہوا تھا۔ بفضلہ تعالیٰ 23 اگست 1979ء بروز جمعرات مکمل ہوا۔ اس حوالہ سے یہ مدت 19 سال 6 ماہ بنتی ہے۔"[1]

[1] بخش، حافظ احمد۔ جمالِ کرم۔ (لاہور: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، 2003)، ج2، ص21

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 04 (2025)

اجمالی خاکہ

یہ تفسیر پانچ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ صفحات کی کل تعداد پینتیس سو(۳۵۰۰) ہے۔پانچ جلدوں میں سورتوں کو اس طرح شامل کیا گیا ہے۔

- **فاتحہ تاانعام**
- **اعراف تابنی اسرائیل**
- **الکھف تاالسجدہ**
- **الاحزاب تاالطور**
- **النجم تاالناس**

پہلی جلد کے شروع میں مقدمہ ہے جو ٦٦ صفحات پر مشتمل ہے۔ ہر جلد کے آخر میں فہرست مطالب ہے جس کی مدد سے مطلوبہ آیت کو آسانی سے تلاش کیا جاسکتا ہے۔ مزید بر آں قیدوبند کے عرصہ میں آپ نے کئی سورتوں کی ابتداء میں ان صورتوں میں موجود مضامین کا خلاصہ بھی تحریر کیا

اسلوب تفسیر

تفسیر ضیاء القرآن کا اسلوب بلاشبہ اپنے دور کے حوالے سے ایک منفرد اور ممتاز اسلوب ہے۔ جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری نے جہاں قدیم تفاسیر سے پوری طرح استفادہ کیا ہے۔ لغوی تشریحات قلم بند کی ہیں۔ احادیث سے مطالب کو تقویت دی ہے۔ بلاغی قرینوں کو برتا ہے۔ اور تمام علوم سے آپ کے مفہوم کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے وہاں قرآن کریم کے اعجازی، ادبی اور روحانی پہلو کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ آپ کی تفسیر بلاشبہ تفسیر بالماثور ہے لیکن آپ نے دورِ حاضر کے تقاضوں اور فکر کو بھی کلیۃً نظر انداز نہیں کیا۔ یہی وجہ ہے کہ اس تفسیر کو جہاں صوفیانہ، عالمانہ، ادیبانہ تفسیر کہنا جائز ہے۔ اپنے دور کے اہل علم وادب اور اہل تصوف وارشاد نے اس تفسیری اسلوب کو بہت قدر کی نگاہ سے دیکھا اور اس کی پوری طرح پذیرائی کی۔ ضیاء القرآن کی تصنیف کا محرک صرف علمی خدمت نہیں تھا بلکہ اس کے پس منظر میں ایک گہری دینی وروحانی فکر کار فرما تھی۔ پیر کرم شاہؒ نے اس تفسیر میں قرآنِ حکیم کے پیغام کو نہ صرف عصری تقاضوں کے مطابق پیش کیا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ قاری کے دل کی اصلاح، ایمان کی تازگی اور اللہ تعالیٰ سے قربت پیدا کرنے پر بھی زور دیا۔ یہی پہلو اس تفسیر کو محض علمی تحقیق کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک روحانی درس گاہ بنا دیتا ہے۔

"طالب ہاشمی"[2] لکھتے ہیں۔

> اس تفسیر کی سب سے بڑی خوبی ترجمہ قرآن ہے۔ ترجمہ کا یہ انداز بے مثل اور بے نظیر ہے اور قرآن پاک کی ایک ایک آیت، ایک ایک لفظ کو سمجھنے کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے، یوں معلوم ہوتا ہے کہ اس باب میں حق تعالیٰ نے خود پیر محمد کرم شاہ

---

[2] طالب ہاشمی برصغیر کے ممتاز اسلامی محقق، مصنف اور خطیب تھے۔ آپ نے سیرتِ رسول ﷺ، تاریخِ اسلام، عقائدِ اہلِ سنت، اور تصوف پر درجنوں کتب تصنیف کیں۔ آپ کا اسلوب عام فہم، دلائل سے مزین اور روحانی رنگ لیے ہوتا تھا۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 04 (2025)

الازہری صاحب کی راہنمائی فرمائی ہے اور انہیں ایسا عمدہ اور رواں ترجمہ کرنے کی توفیق ارزانی فرمائی۔ یہ ترجمہ فی الحقیقت با محاورہ اور تحت اللفظ تراجم کا حسین امتزاج ہے۔"[3]

صوفیانہ پس منظر

چونکہ مصنف خود ایک صوفیِ باصفا تھے، اس لیے انہوں نے قرآنی آیات کی تشریح میں جہاں لغوی، نحوی اور فقہی پہلو بیان کیے، وہیں تزکیۂ نفس، محبتِ الٰہی، اتباعِ سنت اور معرفتِ رب جیسے تصوف کے بنیادی اصولوں کو بھی واضح کیا۔ آپ کی تفسیر میں جگہ جگہ اخلاقی تربیت، باطنی صفائی اور روحانی ترقی کے عملی نکات بیان ہوئے ہیں۔ ضیاء القرآن کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اس میں صوفیانہ تعبیرات نہ تو محض ذوقی انداز میں بیان کی گئی ہیں اور نہ ہی محض فلسفیانہ موشگافیوں میں الجھایا گیا ہے، بلکہ ہر نکتہ قرآن و سنت کی مضبوط بنیاد پر استوار ہے۔ اس انداز نے اسے عوام وخواص دونوں کے لیے قابلِ قبول اور مؤثر بنا دیا ہے۔ یوں کہا جا سکتا ہے کہ ضیاء القرآن ایسی تفسیر ہے جو بیک وقت عقل کو مطمئن کرتی ہے اور دل کو گرماتی ہے۔ اس کے مطالعہ سے نہ صرف فکری بصیرت میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ قلب وروح میں اللہ تعالیٰ کی معرفت کا نور بھی پیدا ہوتا ہے۔

مشاہیر علم وتصوف کی آراء:

تفسیر ضیاء القرآن کے بارے میں برصغیر کے متعدد مشاہیر علم وتصوف نے اپنی قیمتی آراء پیش کی ہیں، جن سے اس تفسیر کی علمی اور روحانی عظمت مزید واضح ہوتی ہے:

"پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی"[4] لکھتے ہیں:

شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے اوچ شریف کے مرد باصفا کے تذکرے میں ان کی تفسیر کا حوالہ دیا ہے کہ مفسر نے ہر آیت قرآنی سے مدح رسالت کا استخراج کیا ہے، کتاب دستیاب نہ ہو سکی، اس لئے اس ذوق کی چاشنی نہ پا سکا۔ لیکن جب ضیاء القرآن کو پڑھا تو یقین آ گیا کہ ایسا ہونا عین ممکن ہے۔ حضرت ضیاء الامت نے جس عمدگی اور جس وارفتگی سے یہ مرحلہ طے کیا ہے وہ ان کے عشق کی برکات ہیں۔"[5]

---

[3] مقالات، ج1، ص76

[4] پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی ایک جید عالم، ادیب اور صوفی بزرگ تھے جنہوں نے پاکستان کے علمی وروحانی منظر نامے میں نمایاں مقام بنایا۔ آپ سرکاری تعلیمی اداروں میں علمی خدمات کے ساتھ تصوف و سیرتِ النبی ﷺ پر گہرے اثرات کے سبب جانے جاتے تھے۔

[5] قریشی، محمد اسحاق، ڈاکٹر، پروفیسر، حضرت ضیاء الامتؒ ایک سچے عاشق رسول در ضیاء الامت نمبر، ضیائے حرم، ص62

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 04 (2025)

"علامہ مشتاق احمد چشتی"[6] (سابق شیخ الحدیث انوار العلوم) لکھتے ہیں:

"حضرت پیر محمد کرم شاہ الازہری، اعتدال پسند عالم دین ہیں، وہ صوفیاء کرام بالخصوص مشائخ چشت سے بہت متاثر ہیں، پیر صاحب ضیاء القرآن میں فرق باطلہ کی تردید کرتے ہیں، لیکن ان کی تردید کا انداز سطحی اور جذباتی نہیں ہوتا، بلکہ ان کی گہری تحقیق اور ان کے سوز دروں کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ وہ قرآن مجید کے انداز تذکیر و موعظت کا خاص خیال رکھتے ہیں اور قرآن کے قاری کو بڑے مؤثر انداز میں عمل اور اصلاح کی دعوت دیتے ہیں۔ وہ دور حاضر کے مسائل پر بھی تبصرہ کرتے ہیں۔"[7]

"مولانا امین احسن اصلاحی"[8] لکھتے ہیں۔

مولانا امین احسن اصلاحی نے ضیاء القرآن کے بارے میں اپنی رائے میں اس بات کا اعتراف کیا کہ یہ تفسیر محض روایتی طرز پر نہیں بلکہ ادب و انشاء، جدید فکری تقاضوں اور قرآنی حکمت کو نہایت مؤثر انداز میں یکجا کرتی ہے۔ یہ وہی طریقہ ہے جو صوفیانہ تعلیمات میں تزکیۂ نفس، معرفتِ الٰہی اور عملی اصلاح کے لیے اختیار کیا جاتا ہے۔ ان کے الفاظ میں:

"جب تک میں نے تفسیر ضیاء القرآن کا مطالعہ نہیں کیا تھا، میں یہ سمجھتا تھا کہ عصری تفاسیر میں تدبرِ قرآن کے تقاضوں کو ادب و انشاء کے خوبصورت پیرائے اور جدید ضروریات کے ساتھ یکجا کرنا ممکن نہیں۔ لیکن جب میں نے ضیاء القرآن پڑھی تو مجھے احساس ہوا کہ اس میدان میں مجھ سے کہیں بڑی علمی قد و قامت رکھنے والی شخصیت موجود ہے، جو عصری تقاضوں کو نہ صرف بہتر انداز میں سمجھتی ہے بلکہ قرآنی معانی کو ایک مؤثر اور روشن انداز میں پیش کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔"

مولانا عبد الرشید اَرشد لکھتے ہیں:

"مرحوم پیر محمد کرم شاہ الازہری کی تفسیر ضیاء القرآن میں اس امر کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے کہ فرقہ وارانہ تنگ نظری اور گروہی تعصبات سے آلودہ نہ ہونے پائے اگر اختلافی مسائل پر اظہار خیال کیا بھی جائے، تو اپنے نقطہ نظر پر اصرار کے باوجود دوسروں پر کسی قسم کی طنز و تعریض کرنے سے مکمل گریز کیا جائے اور اگر کہیں ذکر ناگزیر بھی ہو گیا تو جادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ' کی قرآنی تعلیمات سے تجاوز نہ کرنے پائے۔ اس خوبصورت اہتمام بالالتزام

---

[6] علامہ مشتاق احمد چشتی برصغیر کے ممتاز عالم دین، محدث اور خطیب تھے، جو کئی دہائیوں تک درس و تدریس اور دعوت و تبلیغ کے میدان میں خدمات انجام دیتے رہے۔ آپ کا تعلق سلسلۂ چشتیہ سے تھا اور آپ کی علمی و روحانی شخصیت دونوں میدانوں میں نمایاں تھی۔ آپ نے طویل عرصے تک جامعہ انوار العلوم میں شیخ الحدیث کے منصب پر فائز رہ کر طلبہ کو صحیح بخاری، صحیح مسلم اور دیگر کتبِ حدیث پڑھائیں۔

[7] چشتی، مشتاق احمد، علامہ، علم تفسیر اور مفسرین (نیو ملتان، مکتبہ مہریہ کاظمیہ، 1993ء)، ص:322

[8] مولانا امین احسن اصلاحی (1904ء–1997ء) برصغیر کے ممتاز مفسر اور محقق تھے، جنہوں نے مولانا حمید الدین فراہی سے قرآن کا تدبر سیکھا۔ آپ کی عظیم تصنیف "تدبرِ قرآن" ہے، جس میں قرآن کو ایک مربوط و منظم کلام کے طور پر پیش کیا گیا۔ آپ نے ساری زندگی قرآن کی تعلیم، تحقیق اور تدبر کے فروغ میں گزاری۔ 15 دسمبر 1997ء کو لاہور میں وفات پائی۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678

Volume No: 02 Issue No: 04 (2025)

نے تفسیر کی قدر وقیمت میں بیش بہا اضافہ کر دیا ہے اور اس طرح یہ تفسیر کسی گروہ کی نمائندگی کے بجائے دین کی نمائندہ بن گئی ہے، موجودہ فرقہ پرستی اور گروہ بندی کے دور میں یہ اسلوب اختیار کرنا دین فہی، اسلامی شعور، ملی بہبود اور قومی وقار کی شاندار پاسداری کی واضح اور روشن دلیل ہے۔"[9]

ڈاکٹر محمد شریف سیالوی رقم طراز ہیں:

حضرت العلامہ پیر محمد کرم شاہ صاحب نے ضیاء القرآن تصنیف فرما کر نوجوان نسل خصوصاً طلبہ پر احسان عظیم فرمایا ہے۔ اس سے قبل ہمیں الفاظِ قرآن کی لغوی اور صرفی و نحوی تحقیق کے لیے مفرداتِ امام راغب، القاموس، لسان العرب اور المحیط جیسی ضخیم کتب لغت کی ورق گردانی کرنا پڑتی تھی، لیکن مصنف ضیاء القرآن نے ان الفاظ کی تحقیق کر کے اور تفسیر کے ساتھ ان کی فہرست کا اضافہ کر کے ہم طلبہ کے لیے آسانی فرما دی ہے۔ لفظی تحقیق کے علاوہ ترجمہ اور تفسیر پڑھنے کے بعد انسان یہ محسوس کرتا ہے کہ یہ تفسیر عقل و عشق کا حسین امتزاج ہے۔"[10]

"عقل و عشق کا امتزاج" دراصل صوفیانہ اسلوبِ فکر کی پہچان ہے، جہاں قرآن فہمی میں ایک طرف علمی گہرائی، لغوی تحقیق اور فکری استدلال ہوتا ہے، تو دوسری طرف قلبی وارفتگی، عشق رسول ﷺ اور روحانی ذوق کی خوشبو بھی شامل ہوتی ہے۔ ضیاء القرآن میں یہی امتزاج قاری کو محض معلوماتی تفسیر سے آگے بڑھا کر روحانی تاثیر سے ہمکنار کرتا ہے۔

ضیاء القرآن کی صوفیانہ جہات

ضیاء القرآن میں مصنف نے صوفیانہ تعلیمات کو قرآنی تفسیر کے ساتھ اس انداز میں ہم آہنگ کیا ہے کہ قاری محض علمی معلومات ہی نہیں بلکہ روحانی تربیت کا ذوق بھی حاصل کرتا ہے۔ ضیاء القرآن میں موجود صوفیانہ جہات درج ذیل ہیں۔

تزکیہ نفس پر زور

تفسیر میں بارہا ایمان کی پاکیزگی، نفس کی اصلاح اور دنیاوی لالچ سے بچنے کی ترغیب ملتی ہے۔ آیات کی تفسیر میں صوفیانہ حکایات، اولیاء کرام کے اقوال اور سیرتِ نبوی ﷺ سے مثالیں دے کر قاری کو روحانی تربیت کی طرف مائل کیا گیا ہے۔ جس کی مثالیں درج ذیل ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا:

"قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَاۙ وَ قَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا"[11]

یقیناً فلاح پا گیا جس نے اپنے نفس کو پاک کر لیا اور یقیناً نامراد ہوا جس نے اس کو خاک میں ملا دیا

---

[9] تجلیات ضیاء الامت، ص:102

[10] چشتی، شہباز احمد۔ دانائے راز ضیاء الامت، لاہور: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، اپریل، 2002، ص117

[11] الشمس، 91:10،09

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 04 (2025)

"ان آیات کی تشریح میں پیر محمد کرم شاہ لکھتے ہیں: یہ ہے وہ حقیقت جس کو آشکار کرنے کے لیے اتنی قسمیں کھائی ہیں۔یعنی جس نے اپنے نفس کا تزکیہ کیا وہ دونوں جہانوں میں کامیاب و کامران ہو گیا اور جس نے اسے گناہوں کی خاک میں دبا دیا وہ خائب و خاسر ہوا"[12]

اللہ تعالیٰ نے ان آیات کے ذریعے انسان کی کامیابی کا راز بیان فرمایا ہے: اصل فلاح و فوز نفس کی پاکیزگی میں ہے۔ "زکّٰہا" سے مراد نفس کو تزکیہ و اصلاح کے ذریعے روحانی بلندی تک پہنچانا ہے۔ یہی صوفیانہ منازلِ سلوک جیسے **مجاہدۂ نفس، محاسبۂ باطن، اور مراقبۂ قلبی** ہیں۔ اور "دسّٰاہا" وہ ہے جو نفس کو دنیاوی لذات، حسد، غفلت اور تکبر کے اندھیروں میں گرا دے، جو انسان کے لیے حقیقی نابودی کی طرف مائل کرتا ہے۔ اس تشریح سے واضح ہوتا ہے کہ تزکیۂ نفس محض لفظی معنی نہیں بلکہ ایک عملی اور روحانی رجحان ہے، جو صرف علم کی روشنی میں نہیں بلکہ دل کے نورِ ارادت و عشق سے حاصل ہوتا ہے۔ ان آیات کی تشریح میں مصنف نے تفسیر کشاف، تفسیر قرطبی اور حدیث مبارکہ کی روشنی میں صوفیانہ تربیت کے اصول جیسے مجاہدہ، محاسبہ اور مراقبہ بیان کیے ہیں۔

دوسری مثال:

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے۔

"قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وذَكَرَ اسْمَ رَبِّه فَصَلّٰى"[13]

بے شک اس نے فلاح پائی جس نے اپنے آپ کو پاک کر لیا

کامیابی (فلاح) ان لوگوں کے لیے ہے جو اپنے نفس کو پاکیزگی سے آراستہ کرتے ہیں۔ یعنی برے خیالات، گناہوں اور دنیاوی آلودگیوں سے بچتے ہیں اور اپنے باطن کو ایمان، اخلاص اور عمل صالح سے مزین کرتے ہیں۔ تزکیہ کا پہلا درجہ دل کو شرک، کفر اور نفاق سے پاک کرنا ہے، اور دوسرا درجہ اسے اخلاقِ رذیلہ (حسد، بغض، حرص، تکبر) سے دور کرنا ہے۔ وَذَكَرَ ٱسْمَ رَبِّهِۦ فَصَلَّىٰ "کا مطلب ہے کہ وہ اپنے رب کو یاد کرتے ہیں اور یاد کے اثر سے نماز قائم کرتے ہیں۔ یعنی ذکرِ الٰہی اور نماز انسان کے تزکیہ کا سب سے بڑا ذریعہ ہیں۔ اصل کامیابی دنیا کی آسائشوں یا وقتی عزت میں نہیں بلکہ اس روحانی صفائی اور رب کی یاد میں ہے جو انسان کو قیامت کے دن نجات بخشے گی۔ ضیاء القرآن میں بھی یہ نکتہ موجود ہے کہ ذکر محض زبان سے نہیں بلکہ دل کی گہرائیوں سے ہو، تبھی یہ انسان کو رب کی قربت اور سکون عطا کرتا ہے۔

تیسری مثال:

"ذَٰلِكَ ٱلْكِتَٰبُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ"[14]

یہ کتاب ہدایت ہے پرہیزگاروں کے لیے۔

[12] الازہری، محمد، کرم شاہ، تفسیر ضیاء القران، ناشر، ضیاء القران پبلی کیشنز، لاہور، 2014ء، ج:05، ص:573

[13] الاعلیٰ، 14:87

[14] البقرہ، 01:02

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 04 (2025)

قرآن ہدایت سب کے لیے ہے، مگر حقیقی فیض صرف متقین کو ملتا ہے۔ تصوف میں "تقویٰ" کا مطلب ظاہری گناہوں سے بچنا ہی نہیں بلکہ دل کو بھی ریا، حسد، کینہ، اور حبِ دنیا سے پاک کرنا ہے۔ صوفیانہ نقطہ نظر میں متقین وہ ہیں جو ہر لمحہ اللہ کے حضور جواب دہی کا احساس رکھتے ہیں۔ یہی احساس "مراقبہ" اور "تزکیہ نفس" کی اصل ہے۔ اسی نقطہ کو بیان کرتے ہوئے پیر محمد کرم شاہ الازہری لکھتے ہیں۔

"التَّقْوىٰ أَنْ لا يَرَاكَ اللهُ حَيْثُ نَهَاكَ وَلا يَفْقِدَكَ حَيْثُ أَمَرَكَ"[15]

تقویٰ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھے وہاں نہ دیکھے جہاں اس نے جانے سے منع فرمایا ہے، اور وہاں تجھے غیر حاضر نہ پائے جہاں اس نے جانے کا حکم دیا ہے۔

ضیاء القرآن کے انداز میں یہ حقیقت یوں سمجھی جاسکتی ہے کہ تقویٰ ایک ایسا نور ہے جو دل کو گناہوں کی تاریکی سے بچاتا ہے اور نیکی کی راہوں کو روشن کرتا ہے۔ یہ کیفیت انسان کو نہ صرف اللہ کی نافرمانی سے روکتی ہے بلکہ نیکی کی طرف آمادہ بھی کرتی ہے۔

ذکر و فکر

یہ تصوف کا دوسرا اسلوک ہے۔ جسے صاحب تفسیر ضیاء القرآن نے متعدد مرتبہ موضوع سخن بنایا ہے۔ ضیاء القرآن کے مطابق ذکر صرف زبان سے اللہ تعالیٰ کا نام لینا نہیں بلکہ دل کی گہرائیوں میں اس کی یاد کو بسانا ہے۔ صوفیاء کے نزدیک ذکر سے مراد وہ کیفیت ہے جس میں بندہ اپنے وجود کے ہر گوشے کو یادِ الٰہی کے رنگ میں رنگ لے۔ ضیاء القرآن میں فکر کو قرآن کا خاص اسلوب بتایا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ بار بار انسان کو کائنات، اپنے نفس اور تاریخ کے واقعات میں غور و تدبر کی دعوت دیتا ہے تاکہ ایمان مضبوط ہو اور عمل درست ہو۔ صوفیاء کے نزدیک فکر کا مطلب ہے کہ بندہ اللہ کی نشانیوں میں غور کرے اور ان سے معرفتِ حق تک رسائی حاصل کرے۔ ضیاء القرآن کی روشنی میں ذکر اور فکر دونوں لازم و ملزوم ہیں۔ ذکر دل کو زندہ کرتا ہے اور فکر عقل کو منور کرتا ہے۔ جب ذکر اور فکر یکجا ہو جاتے ہیں تو انسان کا تزکیہ نفس ہوتا ہے اور بندہ تقویٰ کے مرتبے پر فائز ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت ضیاء الامتؒ ذکر کو عشق کا اور فکر کو عقل کا ذریعہ قرار دیتے ہیں، اور دونوں کے امتزاج کو ایک کامل قرآنی و صوفیانہ روش سمجھتے ہیں۔ یہ بات درج ذیل مثالوں سے واضح ہوتی ہے۔

مثال اول:

"يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱذۡكُرُواْ ٱللَّهَ ذِكۡرٗا كَثِيرٗا"[16]

اے ایمان والو! اللہ کو بہت زیادہ یاد کرو۔

صوفیانہ سلوک میں ذکرِ کثیر دل کی حیات اور قربِ الٰہی کا ذریعہ ہے۔ تفسیر ضیاء القرآن میں ذکرِ الٰہی کو نہ صرف زبان کا زینت قرار دیا گیا ہے بلکہ دل کا غذا بھی۔ پیر کرم شاہ الازہریؒ فرماتے ہیں کہ اللہ والوں کو "ذکر کثیر" یعنی زبان و دل دونوں سے کثرتِ یادِ خدا کی دعوت دی گئی ہے۔ اس شائستہ و

---

[15] تفسیر ضیاء القرآن، ج:01، ص:30

[16] الاحزاب، 41:33

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678

Volume No: 02 Issue No: 04 (2025)

صوفیانہ اندازِ بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ذکر انسان کو باطنی تربیت، روحانی ارتقاء اور قلبی سکون کی طرف مائل کرتا ہے—یہی تصوف کی بنیادی کشش ہے، جہاں ذکر زندگی کا مرکز بن جاتا ہے۔ اسی طرح اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا

"أَلَا بِذِكْرِ ٱللَّهِ تَطْمَئِنُّ ٱلْقُلُوبُ"[17]

سن لو! اللہ کے ذکر سے دل سکون پاتے ہیں۔

تصوف کا پہلو:

ذکرِ الٰہی دلوں کے سکون کا سرچشمہ ہے۔ دنیا کی رنگینی، مال و دولت یا لذتیں انسان کو وقتی خوشی تو دیتی ہیں لیکن قلبی اطمینان صرف اللہ کی یاد میں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صوفیاء کرام نے ذکر کو "روح کی غذا" قرار دیا ہے۔ یعنی جب بندہ ذکر میں مشغول ہوتا ہے تو دل کے اضطراب ختم ہو جاتے ہیں اور ایمان کی کیفیت مزید پختہ ہو جاتی ہے۔ ذکرِ الٰہی انسان کو کثرتِ اغیار سے نجات دے کر قربِ حق میں داخل کرتا ہے۔ باطنی سکون صرف اسی وقت ملتا ہے جب دل اللہ کے ساتھ جڑ جائے۔ اسی بنیاد پر اہلِ تصوف ذکر کو سلوک اور تزکیہ نفس کی بنیاد قرار دیتے ہیں۔ اس آیت کے تحت پیر محمد کرم شاہ لکھتے ہیں۔

> ذکر الٰہی سے دل میں اطمینان اور سکون پیدا ہوتا ہے یہی وہ نور ہے جس شبہات کے اندھیر بھاگ جاتے ہیں یہی وہ غذا ہے جس سے روح کو تقویت ملتی ہے اور انسان میں نیکی کی مضمر صلاحیتیں نشو نما پاتی ہیں اور جوان ہوتی ہیں اسی سے انسان میں وہ جلال اور وہ قوت نمودار ہوتی ہے جیسے شیطان پر لرزہ طاری ہوتا ہے اور اسکے منصوبے خاک میں مل جاتے ہیں۔ دنیا کی ساری نعمتوں میں سے اطمینان قلب سے عظیم نعمت ہے۔ دولت عزت، صحت اور کثرت اولاد کے باوجود بھی روح کو سکون اور دل کو چین نصیب نہیں ہوتا۔ صرف اللہ تعالی کا ذکر ہی وہ آب حیات کہ جس سے سیر کام ہونے پھر کبھی تشنگی، کوئی خلجان اور کوئی گھبراہٹ محسوس نہیں کرتا۔ وہ تختہ دار پر بھی، وہ آتش کدہ نمرود میں بھی مسکراتا ہے یہ حالت صوفیائے کرام کے نزدیک جدانیات میں سے ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس قول سے مراد صوفیا کرام ہی ہیں۔[18]

مثال دوم:

"إِنَّ فِي خَلْقِ ٱلسَّمَاوَاتِ وَٱلْأَرْضِ وَٱخْتِلَافِ ٱلَّيْلِ وَٱلنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِّأُولِي ٱلْأَلْبَابِ ٱلَّذِينَ يَذْكُرُونَ ٱللَّهَ قِيَاما وَقُعُودا وَعَلَىٰ جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ ٱلسَّمَاوَاتِ وَٱلْأَرْضِ"[19]

بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں اور رات اور دن کے بدلنے میں عقل والوں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں۔ وہ لوگ جو کھڑے، بیٹھے اور اپنے پہلوؤں پر (لیٹے) اللہ کو یاد کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں غور و فکر کرتے ہیں۔

---

[17] الرعد، 28:13

[18] تفسیر ضیاء القرآن، ج:02، ص:489

[19] آل عمران، 191:03

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678

Volume No: 02 Issue No: 04 (2025)

ضیاء القرآن کی روشنی میں صوفیانہ پہلو:

کائنات کے مظاہر محض تماشہ نہیں بلکہ آیاتِ ربانی ہیں، جو دل و دماغ رکھنے والوں کے لیے ہدایت کے چراغ ہیں۔ اہلِ بصیرت ان مظاہر پر غور کرتے ہیں اور نتیجہ نکالتے ہیں کہ یہ سب کسی حکیم و قدیر کے پیدا کردہ ہیں۔ اہلِ ایمان کا حال یہ ہے کہ وہ ہر حال میں اپنے رب کو یاد کرتے ہیں۔ ذکر کے لیے کوئی خاص وقت، حالت یا جگہ متعین نہیں، بلکہ مومن کا دل ہر گھڑی اللہ کی یاد سے آباد رہتا ہے۔ خواہ قیام کی حالت ہو، قعود ہو یا بستر استراحت پر لیٹنا ہو، ذکرِ الٰہی سے غفلت نہیں برتتے۔ یہی کیفیت دراصل تصوف کی روح ہے کہ بندہ اپنی ہر سانس کو ذکر کا سرمایہ بنائے۔ صوفیاء کے نزدیک ذکر محض زبان سے تکرار نہیں بلکہ دل کی بیداری اور شعور کی ہیشگی ہے۔ "**قیاماًوقعوداًوعلی جنوبهم**" میں دراصل یہ پیغام ہے کہ ذکر انسان کے وجود کا مستقل حال بن جائے، نہ کہ عارضی عمل۔ ہر حال میں ذکر کرنا تصوف کا عملی اصول ہے اور ذکر و فکر کا امتزاج ہی حقیقی ایمان کی بنیاد ہے؛ زبان سے اللہ کو یاد کرنا اور عقل و دل سے مخلوقاتِ الٰہی پر تدبر کرنا۔ صوفیانہ جہت میں یہ آیات اس بات کی طرف رہنمائی کرتی ہیں کہ اللہ کی معرفت صرف مراقبے یا خانقاہ میں بیٹھنے سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ کائنات پر غور و فکر بھی ذکر کی ایک اعلیٰ ترین صورت ہے۔ اس طرح بندہ اپنے وجود اور کائنات کو دیکھ کر اپنے رب کی معرفت اور اس کی کبریائی کا ادراک کرتا ہے۔

مثال سوم

أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى ٱلۡإِبِلِ كَيۡفَ خُلِقَتۡ

"کیا وہ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کس طرح پیدا کیے گئے؟"

اس آیت کریمہ میں غور فکر کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اونٹ کو بطور مثال پیش کیا، کیونکہ عرب کی زندگی میں اونٹ بنیادی اہمیت رکھتا تھا۔ اس کی تخلیق میں حکمت، قوتِ برداشت اور خدمتِ خلق کے پہلو نمایاں ہیں۔ صوفیانہ نگاہ میں یہ انسان کو اس بات کی طرف متوجہ کرتا ہے کہ وہ مخلوقات میں اللہ کی قدرت کو پہچانے اور اپنے دل کو ذکر و شکر سے منور کرے۔ اونٹ کا سب سے نمایاں وصف صبر و تحمل ہے۔ صوفیاء کے نزدیک اس میں یہ اشارہ ہے کہ سالکِ راہِ حق کو بھی اپنے نفس کی خواہشات کے بوجھ برداشت کرتے ہوئے اللہ کی رضا کے راستے پر صبر کے ساتھ چلنا چاہیے۔ ضیاء القرآن میں یہ پہلو بھی ہے کہ اگر ایک اونٹ جیسی عظیم مخلوق کی تخلیق پر تدبر کیا جائے تو انسان کا دل اللہ کی عظمت کے عرفان سے معمور ہو جاتا ہے، اور یہ کیفیت ہی تصوف کا مقصود یعنی معرفتِ الٰہی ہے۔

ضیاء النبی ﷺ "کا تجزیہ اور اس کی صوفیانہ جہات

علم و عرفان کے آسمان پر کئی ستارے اپنی آب و تاب سے چمکے، لیکن بعض شخصیات ایسی ہوتی ہیں جو خود آفتاب بن کر طلوع ہوتی ہیں اور جن کی روشنی سے ایک پورا عہد منور ہو جاتا ہے۔ حضور ضیاء الامت، جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ بلاشبہ بیسویں صدی کی ایسی ہی ایک آفتاب عالم تاب شخصیت تھے۔ آپ کی علمی و روحانی خدمات کا دائرہ انتہائی وسیع ہے، لیکن آپ کی سات جلدوں پر مشتمل تصنیف "ضیاء النبی ﷺ" بلاشبہ آپ کا وہ علمی و عرفانی شاہکار ہے جو رہتی دنیا تک آپ کے نام کو زندہ رکھے گا۔ یہ کتاب محض سیرتِ نبوی ﷺ پر لکھی گئی کتابوں میں ایک اور اضافہ نہیں، بلکہ اپنے منفرد اسلوب، تحقیقی گہرائی، جامعیت اور سب سے بڑھ کر اس عاشقانہ اور عارفانہ انداز کی وجہ سے ایک امتیازی اور بے مثال مقام کی حامل

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678

Volume No: 02 Issue No: 04 (2025)

ہے۔ یہ ایک ایسا بحرِ ذخار ہے جس میں ایک محقق کو تحقیق کے موتی بھی ملتے ہیں اور ایک صوفی کو عرفان کے لعل و گہر بھی ہاتھ آتے ہیں۔ اس کتاب کی تصنیف کا پس منظر خود مصنف کی زبانی یہ تھا کہ ایک ایسی جامع کتاب ترتیب دی جائے جو نہ صرف سیرت کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرے بلکہ جدید ذہن کے شبہات کا ازالہ بھی کرے۔

بیسویں صدی میں سیرت نگاری کا فن کئی چیلنجز سے نبرد آزما تھا۔ ایک طرف مستشرقین[20] کے فکری حملے تھے جو معجزات کا انکار اور نبی اکرم ﷺ کی بشری شخصیت کو محض ایک سماجی مصلح کے طور پر پیش کر کے آپ کے روحانی اور نبوی مقام کو کم کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ دوسری طرف، خود مسلمانوں کے اندر عقلیت پسندی کا ایک ایسا رجحان پروان چڑھ رہا تھا جو سیرت کے روحانی اور ماورائی پہلوؤں کو شک کی نگاہ سے دیکھتا تھا۔ ان حالات میں، حضور ضیاء الامت نے "ضیاء النبی ﷺ" کی صورت میں ایک ایسا مدلل، مستند اور جامع جواب فراہم کیا جو نہ صرف معترضین کے اعتراضات کا علمی رد کرتا ہے، بلکہ ایک مومن کے ایمان کو بھی جلا بخشتا ہے۔ آپ نے اس کتاب میں ایک صوفی کی بصیرت اور ایک محقق کی دیانت کو یکجا کر دیا ہے۔ آپ نے نہ تو کمزور روایات کا سہارا لیا اور نہ ہی عقل و منطق کے دائرے سے باہر کوئی بات کی۔ بلکہ آپ نے مستند ترین تاریخی حوالوں اور قرآن و حدیث کے ٹھوس دلائل سے سیرتِ طیبہ کے ہر پہلو کو اس طرح ثابت کیا کہ عقل بھی تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائے اور عشق بھی وجد میں آجائے۔

اس فصل میں ہم "ضیاء النبی ﷺ" کے اسی منفرد منہج کا تجزیہ کریں گے۔ ہم دیکھیں گے کہ کس طرح آپ نے ذاتِ مصطفیٰ ﷺ کے عرفانی مقام کو "**حقیقتِ محمدیہ**" کے صوفیانہ تصور کی روشنی میں بیان کیا۔ ہم اس امر کا جائزہ لیں گے کہ آپ نے معجزات، بالخصوص واقعہ معراج، کو محض واقعات کے طور پر نہیں بلکہ سالک کے روحانی سفر کی تمثیل کے طور پر پیش کیا۔ ہم اس کتاب کے اس عاشقانہ اسلوب کا مطالعہ کریں گے جس نے اسے خشک علمی تحریر کی بجائے ایک زندہ اور متحرک روحانی تجربہ بنا دیا ہے۔ اس تجزیے سے یہ حقیقت واضح ہو گی کہ "ضیاء النبی ﷺ" کی تصنیف کا مقصد محض معلومات فراہم کرنا نہیں تھا، بلکہ اس کا اصل مقصد قاری کے دل میں عشقِ رسول ﷺ کی وہ شمع فروزاں کرنا تھا جو اس کی دنیا اور آخرت کو منور کر دے۔ یہ کتاب دراصل پیر کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ کے اس صوفیانہ عقیدے کی عملی تشریح ہے کہ علم کی انتہا عشق ہے، اور عشق کی معراج اتباعِ رسول ﷺ ہے۔

ضیاء النبی ﷺ "کا منہجِ تصنیف: تحقیق اور عقیدت کا امتزاج

"ضیاء النبی ﷺ" کی عظمت کا راز اس کے منفرد منہجِ تصنیف میں پوشیدہ ہے، جس میں حضور ضیاء الامت رحمۃ اللہ علیہ نے تحقیق کی صلابت اور عقیدت کی حلاوت کو اس طرح یکجا کر دیا ہے کہ یہ کتاب بیک وقت عقل کو بھی مطمئن کرتی ہے اور قلب کو بھی منور کرتی ہے۔ آپ نے سیرت نگاری کے دو مروجہ انتہا پسندانہ رویوں سے اجتناب کیا۔ ایک رویہ وہ تھا جو محض عقیدت کے نام پر ضعیف اور بے سروپا روایات کا انبار لگا دیتا ہے، اور دوسرا رویہ وہ تھا جو جدیدیت اور عقلیت پسندی کے نام پر سیرت کے روحانی اور معجزاتی پہلوؤں کو مشکوک بنا دیتا ہے۔ آپ نے ان دونوں کے برعکس ایک ایسا تحقیقی اور متوازن راستہ اختیار کیا جو اسلاف کی تحقیق اور عشق کی روایت کا جامع تھا۔

[20] مغربی غیر مسلم محققین جو اسلامی علوم، تاریخ اور تہذیب کا مطالعہ کرتے ہیں۔ ان میں سے بعض نے علمی دیانت سے کام کیا جبکہ اکثر کا کام نو آبادیاتی اور متعصبانہ مقاصد کا حامل رہا ہے۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678

